پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما)

پیما سیکرٹریٹ۔دوسری منزل' شالیمار سنٹر' ایف ایٹ مرکز' اسلام آباد۔فون نمبر 2261943' فیکس 2857132

پاکستان میں کورونا مریضوں کے لیے آن لائن قومی سروے کا آغاز

پیما، قومی ادارہ صحت اور ہیلتھ ریسرچ ایڈوائزری بورڈ کے تحت سروے سے مرض کی شدت اور نفسیاتی اثرات کا جائزہ لیا جائے گا

سروے کی روشنی میں سفارشات حکومت کو پیش کی جائیں گی تا کہ ہیلتھ کیئر کے حوالے سے بہتر فیصلے کیے جاسکیں: پروفیسر محمد افضل میاں

پریس ریلیز: 9/جولائی 2020ء

پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما)، قومی ادارہ برائے صحت اسلام آباد اور ہیلتھ ریسرچ ایڈوائزری بورڈ نے پاکستان میں کورونا وائرس کی شدت، مریضوں پر نفسیاتی اثرات اور دیگر بیماریوں میں مبتلا مریضوں میں اس کی علامات وشدت کو جاننے کے لیے قومی سطح پر سروے کا آغاز کر دیا ہے۔اس کی روشنی میں سفارشات وفاقی حکومت کو پیش کی جائے گی تا کہ ہیلتھ کیئر کے حوالے سے بہتر فیصلے کیے جاسکیں۔

پیما کے مرکزی صدر پروفیسر محمد افضل میاں نے ایک بیان میں کہا کہ کورونا وائرس کے مریض پیما کی ویب سائٹ www.pima.org.pk پر جا کر آن لائن فارم کو فل کر سکتے ہیں۔اردو اور انگلش میں علیحدہ علیحدہ سوال نامے دیئے گئے ہیں جنہیں فل کرنے میں زیادہ سے زیادہ 10 منٹ لگیں گے۔ان جوابات سے پاکستان میں کورونا وائرس کے پھیلاؤ اور اس کے نتیجے میں ہونے والی تباہی کو صحیح طریقے سے جانچنے میں مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کے حوالے سے پاکستان میں مقامی ڈیٹا موجود نہیں ہے اس لیے ماہرین کو بیرونی تحقیق پر انحصار کرنا پڑ رہا ہے۔اس سروے کے دوران کورونا وائرس کا ٹیسٹ کرانے والے دو ہزار دو سو افراد کے انٹرویوز کیے جائیں گے اور ان سے مرض کی علامات، مرض کی شدت، کورونا وائرس کے علاوہ دیگر بیماریوں کی تفصیل اور نفسیاتی اثرات سے متعلق سوالات کیے جائیں گے۔

جاری کردہ

عبدالودود

میڈیا کوآرڈی نیٹر، پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن

0332-5564935